| Narration | Time |
| --- | --- |
| Meet The GIMP کے ٹیوٹوریل میں خوش آمدید . یہ ٹیوٹوریل شمالی جرمنی کے بریمین میں رالف سٹانورٹ کی طرف سے تیار کردہ ہے. | 00.23 |
| گزشتہ ٹیوٹوریل میں، میں نے Drawing tools کے بارے میں کچھ دکھایا تھا اور کسی طرح jitter بٹن لاگو کرنے کا طریقہ چھوٹ گیا تھا. | 00.32 |
| مجھے وہ سب کرنا یاد ہے لیکن وہ ایڈیٹنگ کے دوران جا چکا ہوگا. | 00.43 |
| جب میں یہاں چند لائنوں پینٹ کرتا ہوں، تو آپ دیکھتے ہیں کہ اس کا کونا ہموار ہوتا ہے، اور ایسا لگتا ہے کہ یہ ایک Pen سے کیا گیا ہو. | 00.51 |
| اب میں jitter لاگو کرتا ہوں اور amount کو تقریباً نصف پر یا ایسی ہی کسی قسم پر مقرر کرتا ہوں اور آپ دیکھتے ہیں کہ پینٹ Brush تھوڑا ہلتا ہے اور بارڈر اتنا اچھا نہیں ہوتا جتنا یہ پہلے تھا. | 01.09 |
| amount کو بڑھاتے ہیں اب آپ یہاں ڈاٹس یعنی نکات کا ایک کلاؤڈ دیکھ سکتے ہیں، جو ان لائنوں کے ارد گرد پھیلے رہتے ہیں جو میں نے کھینچی ہیں. | 01.29 |
| اور یہی jitter بٹن کا راز ہے. | 01.41 |
| یہ دوسری ترمیم ہے جو کی جاتی ہے. | 01.55 |
| ہینسین نے مجھے لکھا کہ Eraser ٹول میں، Pen یا Brush میں ایک اہم فرق ہوتا ہے. | 02.00 |
| اسے عمل میں دیکھنے کے لئے، transparency میں یعنی ایک Alpha channel آن کر کے اوپری لیئر پر کچھ پینٹ کریں. | 02.06 |
| منتخب شدہ background کلر پر مشتمل ایک Pen یا Brush، اس رنگ میں پینٹ کرے گا، لیکن Eraser اس رنگ کو شفاف کرتے ہوئے، ہٹا دے گا. | 02.15 |
| ٹھیک ہے اسے کر کے دیکھتے ہیں. | 02.25 |
| بلیک میرا فورگراونڈ کلر ہے اور اورنج میرا بیک گراؤنڈ کلر ہے اور آپ دیکھ سکتے ہیں کہ لیئر کا نام بولڈ میں ہے، جس کا مطلب ہے کہ الفا چینل امیج میں نہیں ہے. | 02.27 |
| لہٰذا میں الفا چینل پر سوئچ کرتا ہوں. | 02.41 |
| Eraser منتخب کرتے ہیں. | 02.47 |

| | |
|---|---|
| 02.54 | یہاں میرا فورگراونڈ اور بیک گراؤنڈ کلر ایک جیسے ہیں لہذا میں CTRL + click بٹن دبا کر اورنج کلر کو بیک گراؤنڈ کلر کے طور پر لیتا ہوں. |
| 03.12 | تو بنیادی طور پر ہم بیک گراؤنڈ کلر کے ساتھ پینٹ کر رہے ہیں، اب میں لیئر پر رائٹ کلک کر کے الفا چینل کو آن کرتا ہوں، الفا چینل شامل کرتے ہیں اور آپ دیکھ سکتے ہیں کہ نام بالکل بھی بولڈ نہیں ہے، اب میں Eraser منتخب کرتا ہوں. |
| 03.32 | آپ دیکھ سکتے ہیں کہ فورگراونڈ اور بیکگراونڈ کلر erase ہو گئے ہیں |
| 03.41 | اب میں آپ کو Paintbrush اور اِن Brushes کے بارے میں مزید بتاوں گا جنہیں آپ پینٹنگ کرنے کے لئے منتخب کرتے ہیں. |
| 04.01 | Meet The GIMP کے اس ٹیوٹوریل میں Brushes کے بارے میں بات کرتے ہیں. |
| 04.07 | Brush کا استعمال پنسل کے ساتھ بہت سے ٹولز کی طرف سے کیا جاتا ہے اور مجھے لگتا ہے کہ dodge اور burn ٹول کے ساتھ ختم ہوتا ہے. |
| 04.17 | ink کے سوا ان تمام ٹولز میں Brush کا استعمال کیا جاتا ہے. |
| 04.24 | تو اب میں ایک مثال کے طور پر Paintbrush منتخب کرتا ہوں. |
| 04.30 | آپ یا تو Brushes ڈائیلاگ پر کلک کر کے یا ٹول باکس میں Paintbrush کو منتخب کر کے Brushes منتخب کر سکتے ہیں اور Brush آپشن پر کلک کریں اور آپ کو Brushes کا سیٹ حاصل ہو جائے گا. |
| 04.47 | یہاں چاروں طرف چھوٹے چھوٹے نشان ہیں، پلس کا نشان دکھاتا ہے کہ Brush اتنا چھوٹا نہیں ہے جتنا یہاں ظاہر ہوتا ہے اور جب میں اس پر کلک کرتا ہوں تو مجھے بڑا Brush دکھائی دیتا ہے. |
| 05.03 | یہ سرخ تکون اینیمیٹڈ Brush ہے. |
| 05.18 | یہاں اس کا استعمال کرتے ہوئے دیکھتے ہیں. |
| 05.27 | یہ کچھ کچھ ایک پنسل ڈرائنگ کی طرح لگتی ہے اور اسے پنسل سکیچ کہا جاتا ہے. |
| 05.36 | نیلے والے پیرامیٹرک Brush ہیں. |
| 05.41 | وہ بنیادی طور پر میتھمیٹکل یعنی ریاضی موڈ ہیں جو میں آپ کو کچھ وقت بعد دکھاؤں گا. |
| 05.49 | یہاں کچھ اسٹنڈرڈ Brush ہیں. |

| | |
|---|---|
| اس کیس میں، ان سٹنڈرڈ Brushes میں اس کا سیاہ اور سفید حصہ نہیں بدلتا ہے اس لئے میں یہاں پینٹ کر سکتا ہوں. Brush میں، سیاہ حصہ فورگراونڈ رنگ سے بھرا ہوتا ہے، | 05.52 |
| اور اگر میں اپنے فورگراونڈ رنگ کو تبدیل کر کے لال کر دیتا ہوں تو میری پینٹنگ میں ایک چھوٹی امیج سرخ ہو جائے گی، اور یہ سفید رنگ، بیک گراونڈ کے طور پر رہے گا. | 06.09 |
| یہاں کچھ دوسرے Brush بھی ہیں جیسے یہ ایک pepper color brush | 06.29 |
| میں یہاں ابھی ایک Pepper رکھ سکتا ہوں اور ان Peppers کی ایک لائن بھی کھینچ سکتا ہوں | 06.35 |
| یہ Brush بہت مفید نہیں ہے لیکن آپ اپنے Brush تشکیل دے سکتے ہیں اور یہاں یہ بہت مفید ہو سکتا ہے. | 06.52 |
| یہاں ایک Brush ہے جو ایک بہت اچھی چیز ہے. | 07.06 |
| یہ ایک vine یعنی بیل ہے اور آپ بیل کی ایک لائن کھینچھ سکتے ہیں جو بہت اچھی دکھائی دیتی ہے. | 07.10 |
| آپ اسے تھوڑی سجاوٹ کے لئے استعمال کر سکتے ہیں. | 07.18 |
| یہاں آپ کلپ بورڈ میں عجیب Brush کو دیکھتے ہیں. | 07.32 |
| اب میں کچھ بناتا ہوں لیکن اس سے پہلے مجھے اپنے رنگ کے طور پر بلیک اور وائٹ کا استعمال کرنا چاہئے. | 07.37 |
| لہذا اب میں اس پینٹنگ کے اردگرد ایک اسکوئر یعنی مربع علاقے کو منتخب کرتا ہوں، اسے Ctrl + C دبا کر کلپ بورڈ میں کاپی کرتا ہوں. | 08.01 |
| کاپی کرنے کے لئے، میں Edit، اور copy پر جا سکتا ہوں یا میں رایٹ کلک کر کے کاپی کر سکتا ہوں. | 08.16 |
| اب میں یہاں میرا پینٹ Brush لیتا ہوں اور میں کلپ بورڈ ڈائیلاگ منتخب کرتا ہوں. | 08.33 |
| آپ یہاں دیکھتے ہیں کہ یہ کام نہیں کر رہا ہے. | 08.41 |
| میں صرف اس انتخاب میں پینٹ کر سکتا ہوں کیونکہ یہ علاقہ منتخب ہے اور یہ علاقہ منتخب نہیں ہے. | 09.05 |
| میں نے Shift + Ctrl + A سے اسے منتخب کیا ہے اور اب میں پینٹ کر سکتا ہوں. | 09.15 |
| آپ یہاں دیکھتے ہیں، میرا چھوٹا پھول اُگ جاتا ہے. | 09.26 |
| آپ ان چھوٹے پھولوں کی ایک لائن بھی کھینچ سکتے ہیں جو بہت اچھی نہیں ہوتی ہے کیونکہ بیک گراونڈ بھی کاپی ہو گیا ہے اور ہر پھول ایک دوسرے کے ذریعے ڈھک جاتا ہے. | 09.30 |
| یہ اچھا لگے گا اگر آپ صرف ایک امیج کا تھوڑا حصہ کاپی کرتے ہیں اور پھر اسے امیج میں کھینچتے ہیں جہاں آپ رکھنا چاہتے ہیں. | 09.48 |

| | |
|---|---|
| 09.59 | آپ یہ ایک امیج میں خام طریقے سے اپنے لوگو لگانے کے لئے یا ایک شخص کا چہرا تصویر میں لگانے کے لئے استعمال کر سکتے ہیں. |
| 10.24 | جب میں Brushes پیج کو کھولتا ہوں، یہاں میں Brushes میں تھوڑی ترمیم کر سکتا ہوں. |
| 10.31 | یہاں پہلی چیز Spacing ہے اور ابھی تک میرے پاس میرا منتخبہ کلپ بورڈ Brush ہے، جب میں Spacing کے ساتھ 100% پر جاتا ہوں، میں خوبصورت پھولوں کی ایک لائن کھینچ سکتا ہوں. |
| 10.53 | اس ڈائیلاگ میں، آپ صرف پہلے بٹن پر کلک کر کے، ایک نیا Brush بھی بنا سکتے ہیں، لیکن یہ ایڈیٹنگ آپشن ہے. |
| 11.10 | لہذا دوسرے آپشن پر کلک کریں اور یہاں میں ایک نیا Brush بنا سکتا ہوں. |
| 11.20 | میں circle، square یا ڈائمنڈ میں سے ایک شیپ منتخب کر سکتا ہوں. |
| 11.27 | ڈائمنڈ لیتے ہیں، میں اس کے radius کو تبدیل کر سکتا ہوں اور اس کے ساتھ ہی میں Brush میں کچھ Spikes شامل کر سکتا ہوں. |
| 11.40 | آپ دیکھ سکتے ہیں کہ میں اپنے Brush کی hardness کو تبدیل کر سکتا ہوں اور اسے تھوڑا نرم یا ہارڈ بنا سکتا ہوں. |
| 11.48 | میں سکرین aspect ratio کو بھی تبدیل کر سکتا ہوں. |
| 12.03 | Brush کے Angle کو تبدیل کرنے سے، میں اسے تھوڑا سا جھکا سکتا ہوں اور میں Spacing کو تبدیل کر سکتا ہوں. |
| 12.13 | یہاں بھی وہی کرتے ہیں. اس چھوٹے سٹار کے ساتھ Spacing کو 200 یا ایسا ہی کچھ بڑھائیں. |
| 12.22 | اور اب میں نے ایک نیا Brush بنا لیا ہے اور میں اسے star کہتا ہوں. |
| 12.37 | اب آپ Brushes ڈائیلاگ میں اپنے نئے اسٹار Brush کو دیکھ سکتے ہیں |
| 12.43 | اور جب آپ اس کا استعمال کرتے ہیں، آپ کو اس قسم کا star حاصل ہوتا ہے. |
| 12.49 | اب مجھے صرف اسے بلیک یعنی سیاہ سے بھرنا ہے. |
| 12.58 | آپ فورگراونڈ رنگ کے طور پر گولڈ کو منتخب کریں. |
| 13.02 | اسٹار Brush کے لئے jitter کی زیادہ مقدار کا استعمال کریں اور یہاں سٹار سٹیمپ کریں. |
| 13.18 | مجھے لگتا ہے کہ jitter کافی زیادہ ہے اور یہ اچھا نہیں لگتا |
| 13.27 | یہ ایک نیا Brush بنانے کا سب سے تیز طریقہ ہے. |
| 13.33 | میں پہلے آپشن کو منتخب کر کے اس Brush کو ایڈٹ کر سکتا ہوں اور میں اینگل کو تھوڑا سا تبدیل کر سکتا ہوں اس کو گھما سکتا ہوں اور اب میں اسے یہاں استعمال کر سکتا ہوں. |

| | |
|---|---|
| میں نے اینگل کوتھوڑا ساتبدیل کر دیا ہے جس سے یہ کافی اچھے طریقے سے کام کرتا ہے. | 13.51 |
| آپ ریاضی کے طور پروضاحت شدہ Brushes سے اپنا ایک نیا Brush بناسکتے ہیں. | 13.58 |
| پہلا آپشن صرف کسی چیز کوکلپ بورڈ میں کاپی کرنا ہے. | 14.05 |
| آخری چیز جو میں آپ کو اس ٹیوٹوریل کے ذریعے بتانا چاہتا ہوں، نیٹ سے Brush حاصل کرنا ہے اور یہ GIMP Brushes کے لئے تلاش کر کے کر سکتے ہیں، میرے پاس یہاں Iceytina کی طرف سے deviantART پر آپ کے لئے ایک مثال ہے. | 14.10 |
| یہاں دستیاب Brush دیے گئے ہیں، کہ Iceytina نے بنائے ہیں، اور میں یہاں ڈاؤن لوڈ چن کر ان کو ڈاؤن لوڈ کر سکتا ہوں. | 14.49 |
| اور میں ان کو ڈسک پر سیو کرتا ہوں. | 15.05 |
| میں نے اپنی ڈسک پر اسے ڈاؤن لوڈ کر لیا ہے اور میں انہیں ایک لمحے میں انسٹال کروں گا. | 15.14 |
| اس پیج پر نظر ڈالتے ہیں اور آپ دیکھ سکتے ہیں کہ ان Brushes کو Creative Commons License میں لائسنس کیا جاتا ہے اور مجھے اس کے ساتھ derivative کام کرنے کی اجازت نہیں ہے، لہذا مجھے یہ Brush لینے کی اجازت نہیں ہے اور میں ان کو تبدیل نہیں کر سکتا انہیں دوبارہ ویب سائیٹ پر رکھتے ہیں. | 15.21 |
| لیکن میں ان کا استعمال کر سکتا ہوں اور ان کے ساتھ کام کر سکتا ہوں اور Iceytina اور حقیقی لنک کے حوالے سے اپنی ویب سائیٹ پر پبلش بھی کر سکتا ہوں. | 15.47 |
| آپ یہاں دیکھ سکتے ہیں کہ یہاں GIMP Brush و کے لئے ایک لنک دیا گیا ہے، deviantART اور دیگر ویبسائیٹوں پر اور بھی بہت سے Brushes موجود ہیں. | 16.00 |
| یہ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران سب سے زیادہ نیا اور مشہور Brush ہے. | 16.14 |
| میں 1 month کا انتخاب کرتا ہوں اور آپ اب دیکھ سکتے ہیں کہ وہاں مختلف قسم کے بہت سے Brushes ہیں. | 16.21 |
| اور اسی طرح اس کو Stardust اور Twinkles میں استعمال کرتے ہیں. | 16.36 |
| لیکن یہ کافی حیرت انگیز ہے. | 16.49 |
| knux 57 کی طرف سے KNUX'S spike brush pack | 16.59 |
| یہاں کوئی لائسنس کی معلومات نہیں دی گئی ہے، لہذا میں اسے ڈاؤن لوڈ کر سکتا ہوں اور میں اس پر کام کر سکتا ہوں. | 17.04 |
| میں صرف ڈاؤن لوڈ پر کلک کرتا ہوں. | 17.29 |

| | |
|---|---|
| 17.32 | یہاں آپ GIMP 2.4 Brushes کا کھلا فولڈر دیکھ سکتے ہیں اور یہاں آپ star.vbr دیکھ سکتے ہیں. |
| 17.44 | میں vbr کے بارے میں نہیں جانتا،لیکن gbr، GIMP کے معیاری Brushes ہیں. |
| 17.54 | یہاں Iceytina کی طرف سے اس ویب سائیٹ سے بنائے گئے Brushes دئے گئے ہیں. |
| 18.01 | میں اپنے archive ٹول کے ساتھ اس فولڈر کو کھولتا ہوں اور آپ دیکھ سکتے ہیں کہ یہاں jpg میں واٹر کلر اور README جیسی بہت سی دیگر فائلیں موجود ہیں. |
| 18.20 | لہذا میں ان سب کو منتخب کرتا ہوں اور انہیں Brush ڈائریکٹری میں شامل کرتا ہوں. |
| 18.35 | یہ یہاں ہیں. |
| 18.37 | اور میں Knux Spike Brush Pack کے ساتھ یہ کرتا ہوں |
| 18.43 | میں Archive مینیجر کے ساتھ فولڈر کھولتا ہوں اور آپ یہاں GIMP Brush فائلوں کو دیکھ سکتے ہیں. |
| 18.52 | لہذا میں ان سب کو منتخب کرتا ہوں اور انہیں اپنی Brush ڈائریکٹری میں شامل کرتا ہوں. |
| 19.05 | اب میرے پاس میری Brush ڈائریکٹری میں تمام Brushes ہیں، میں اپنے Archive منیجر کو بند کرتا ہوں اور میں یہاں فولڈر کو بند کرتا ہوں اور GIMP پر واپس آتے ہیں. |
| 19.21 | آپ دیکھ سکتے ہیں کہ یہاں کچھ بھی نہیں بدلا ہے لیکن میں یہ Reload Brushes منتخب کرسکتا ہوں اور اب آپ دیکھتے ہیں کہ میرے پاس بہت سے Brushes ہیں اور یہ Brushes ، iceytina سے لے گئے ہیں،اور میں یہاں ان کا استعمال کر کے دیکھ سکتا ہوں. |
| 19.46 | یہ Brushes واٹر کلر کی مانند ہیں. |
| 19.50 | لہذا میں یہاں water colour box سے ایک کلر منتخب کرتا ہوں اور ڈرا کرتا ہوں. |
| 19.57 | ان Brushes کو صرف سٹیمپنگ کے لئے استعمال کیا جاسکتا ہے، ڈرائنگ کے لئے نہیں |
| 20.03 | ان Brushes میں بہت سے جز ہوتے ہیں. |
| 20.17 | سب سے پہلے میں بیک گراؤنڈ کو خارج کرتا ہوں. |
| 20.23 | لہذا یہاں یہ Brushes، جعلی واٹر کلر پیدا کرنے کے لئے بہترین ہیں یا آپ امیج کے اردگرد ایک فریم بنانے کے لئے ان کا استعمال کر سکتے ہیں. |
| 20.36 | اب آپ Knux Brushes کو دیکھتے ہیں. |
| 20.40 | میں نے انہیں پہلے نہیں دیکھا ہے، ان کا استعمال کرتے ہوئے دیکھتے ہیں. |

| | |
|---|---|
| 20.47 | یہ Brushes بڑے ہیں . یہ بھی سٹیمپنگ کرنے کے لئے ایک چیز ہے |
| 20.53 | اور کافی مختلف ہوتے ہے، جب میں ان کا استعمال کرتے ہوئے پینٹ کرتا ہوں تو یہ اتنا اچھا نہیں ہوتا لیکن جب میں spacing میں اضافہ کرتا ہوں اور اوپیسٹی کم کرتا ہوں، تو یہ اچھا ہوسکتا ہے . |
| 21.07 | اگر آپ کو کسی چیز کے اردگرد ایک بارڈر کی ضرورت ہوتی ہے، تو یہ کافی اچھا ثابت ہوسکتا ہے . |
| 21.13 | لیکن مجھے لگتا ہے کہ یہ Brushes گرافیکل آرٹسٹ کے لئے بنی ہوتی ہیں، یہ فوٹوگرافروں کے لئے مفید نہیں ہیں . |
| 21.23 | لیکن شاید آپ ان کو استعمال کرنے کا کوئی طریقہ تلاش لیں گے . |
| 21.27 | مجھے لگتا ہے کہ میں نے Brushes کے بارے میں بہت سی چیزوں کو سمجھایا اور میں ایک اینیمیٹیڈ Brush، امیج ہوز بنانا اور اِن کلر برشز کو دوسرے چھوٹے ورژن میں سمجھاوں گا . |
| 21.44 | مزید معلومات کے لئے http://meetthegimp.org پر جائیں اور تبصرہ بھیجنے کے لئے، براہ مہربانی info@meetthegimp.org پر لکھیں . |
| 21.56 | اس ٹیوٹوریل کا ترجمہ اور صدابندی میں نے یعنی وجاحت احمد نے کی ہے . شامل ہونے کے لئے شکریہ . |
| | |